شعبہ اسلامی مراسلات

دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

## کورسوں کا تعارف/طریقہ داخلہ:

۱۔ **مطالعہ قرآن مجید مراسلاتی کورس:** یہ کورس فیصل مسجد میں دیے جانے والے خطباتِ جمعہ سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اڑتالیس خطباتِ جمعہ پر مشتمل یہ کورس ایک سال دورانیہ کا ہے۔ ہر خطبہ میں چند آیات قرآنی کا مفہوم آسان اردو زبان میں مستند تفاسیر کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے۔ اس سلسلے کے ۳۰ ویں کورس میں داخلے جاری ہیں۔ ہر چار خطبات کے ساتھ ایک سوالنامہ بھیجا جاتا ہے جسے حل کر کے واپس ارسال کرنا ہوتا ہے۔

۲۔ **مطالعہ حدیث مراسلاتی کورس:** اس کورس میں تعارف حدیث، تدوین حدیث اور دیگر مختلف موضوعات پر مبنی احادیثی روایات پر مختصراً تعلیم دی جاتی ہے۔ قاری کو مزید مطالعہ کے لیے مختلف کتب احادیث کی طرف رہنمائی بھی کی جاتی ہے۔ بارہ اسباق پر مشتمل یہ کورس ایک سال دورانیہ کا ہوتا ہے۔ ہر یونٹ کے ساتھ ایک سوالنامہ بھیجا جاتا ہے جسے حل کر کے واپس ارسال کرنا ہوتا ہے۔

۳۔ **مطالعہ اسلام مراسلاتی کورس:** یہ کورس اسلام کے تعارف، عبادات، معاشیات، معاشرت، فقہی اصطلاحات وغیرہ جیسے موضوعات پر مبنی ہے۔ مسلکی اور گروہی اختلافات سے بالاتر ہو کر قرآن وحدیث کی روشنی میں تیار کیا گیا ہے۔ پچیس اسباق پر مشتمل یہ کورس ایک سال دورانیہ کا ہوتا ہے۔ ہر دو یونٹس کے ساتھ ایک سوالنامہ بھیجا جاتا ہے جسے حل کر کے واپس ارسال کرنا ہوتا ہے۔

۴۔ **گلدستہ مراسلاتی کورس (بچوں کے لیے):** بچوں کی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کورس کے بارہ یونٹ تیار کیے گئے ہیں۔ یہ کورس بھی ایک سال دورانیہ کا ہوتا ہے۔ ہر یونٹ کے ساتھ ایک سوالنامہ بھیجا جاتا ہے جسے حل کر کے واپس ارسال کرنا ہوتا ہے۔

ہر کورس کی تکمیل پر ساٹھ فیصد نمبر حاصل کرنے والے شرکاء کو اکیڈمی کی جانب سے ایک سرٹیفکیٹ جاری کیا جاتا ہے۔ یوں ان کورسوں کے ذریعے ہر عمر اور طبقے کے خواتین و حضرات، جو اردو پڑھ لکھ سکتے ہوں، گھر بیٹھے دینی تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔

**طریقہ داخلہ:** ایک وقت میں ایک سے زیادہ کورسوں میں داخلہ لیا جا سکتا ہے۔ ہر کورس کے لیے الگ سے داخلہ فارم استعمال کریں۔ داخلہ فارم کی فوٹو کاپی بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔ داخلہ فارم میں اندراجات واضح اور خوشخط ہونے چاہئیں۔ داخلہ فارم (مع فیس) 20 نومبر 2014ء تک ارسال کر دیں۔ تمام امیدواروں کو دسمبر 2014ء کے آخری ہفتے تک کورس کی ترسیل شروع کر دی جائے گی اور گلدستہ کورس کی ترسیل جنوری 2015 میں کی جائے گی۔

داخلہ فیس (اندرون ملک شرکاء کے لیے مبلغ -/400= (چار سو روپے) جبکہ گلدستہ کورس کی فیس اندرون ملک -/150 روپے اور تمام کورسوں کی بیرون ملک شرکاء کے لیے -/1500= (پندرہ سو روپے) ہے۔ داخلہ فارم بمع فیس بذریعہ بنک ڈرافٹ / پے آرڈر / پوسٹل آرڈر / منی آرڈر ''اسسٹنٹ ڈائریکٹر اکاؤنٹس، دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی پوسٹ بکس نمبر 1485 (فیصل مسجد) اسلام آباد'' کے پتہ پر ارسال کریں۔ بینک ڈرافٹ پاکستان میں کسی بھی بینک سے بنوایا جا سکتا ہے مگر متعلقہ بینک کی شاخ اسلام آباد میں بھی ہونی چاہیے۔ بنک ڈرافٹ / پے آرڈر / منی آرڈر کی پشت پر اپنا نام اور پتہ ضرور لکھیں۔ فیس اکیڈمی میں آ کر نقد بھی جمع کرائی جا سکتی ہے۔ بنک ڈرافٹ / پے آرڈر / منی آرڈر کی رسید داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔ دیئے گئے طریقہ کار کے علاوہ داخلہ فارم اور فیس بھیجنے پر، گم ہونے / وصول نہ ہونے یا آپ کو داخلہ نہ ملنے پر شعبہ ذمہ دار نہیں ہو گا۔ کسی بھی قسم کی مزید معلومات کے لیے درج ذیل پتہ، فون نمبر یا فیکس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

نوٹ: جو حضرات اس سے قبل مطالعہ حدیث کورس، مطالعہ اسلام کورس، بچوں کے گلدستہ کورس کر چکے ہیں وہ ان کورسوں میں داخلہ نہ لیں کیونکہ یہ کورس بھی سابقہ اسباق پر مشتمل ہیں۔ البتہ مطالعہ قرآن کورس میں دوبارہ داخلہ لینا بہتر رہتا ہے کیونکہ یہ مسلسل تفسیر پر مبنی ہے۔

انچارج شعبہ اسلامی مراسلات

دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، پوسٹ بکس نمبر 1485 (فیصل مسجد) اسلام آباد

ٹیلی فون نمبر 263,362 /9261751-4 فیکس نمبر 92-51-2261648 '92-51-9263442

ویب سائٹ: www.iiu.edu.pk

دعوۃ اکیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

# داخلہ فارم

مطالعہ قرآن مراسلاتی کورس نمبر 30      مطالعہ حدیث مراسلاتی کورس نمبر 16

مطالعہ اسلام مراسلاتی کورس نمبر 15      گلدستہ مراسلاتی کورس نمبر 9 (بچوں کے لیے)

(جس کورس میں داخلہ لینا ہو اس کے سامنے      لگا دیں۔ ہر کورس کے لیے الگ داخلہ فارم استعمال کریں، ضرورت ہو تو اس کی فوٹو کاپی کرالیں)

نام (اردو میں) ..........................................

ولدیت/زوجیت ..........................................

پتہ برائے خط و کتابت ..........................................

..........................................

Name(In English) ..........................................

S/O,D/O,W/O ..........................................

Postal Address(In English)..........................................

..........................................

مستقل پتہ ..........................................

فون /موبائل ..........................................

تاریخ پیدائش/عمر .................... مذہب ....................

تعلیمی قابلیت .................... پیشہ/عہدہ .................... ادارہ ....................

فیس مبلغ .................... روپے بذریعہ بنک ڈرافٹ/پوسٹل آرڈر/منی آرڈر نمبر ....................

تاریخ .................... دستخط امیدوار ....................

## دفتری استعمال کے لیے

رجسٹریشن نمبر .................... دستخط فیس وصول کنندہ ....................